31. He (Abraham) said: "Then what is your errand, O you who have been sent."	قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿٣١﴾	ابراہیمؑ نے پوچھا، اچھا تو کیا مہم درپیش ہے تمہیں اے اللہ کے فرشتو ؟ ﴿٣١﴾
32. They said: "Indeed, we have been sent to a criminal people."	قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمٍ مُجْرِمِينَ ﴿٣٢﴾	انہوں نے کہا، ہمیں بھیجا گیا ہے ایک مجرم قوم کی طرف ﴿٣٢﴾
33. "That we may send upon them stones of baked clay."	لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِنْ طِينٍ ﴿٣٣﴾	تاکہ برسائیں ہم ان پر پتھر، (پکی ہوئی) مٹی کے ﴿٣٣﴾
34. "Marked with your Lord for the transgressors."	مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِينَ ﴿٣٤﴾	جو نشان زدہ ہوں تیرے رب کی طرف سے، حد سے گزر جانے والوں کے لیے ﴿٣٤﴾
35. Then We evacuated whoever was therein of the believers.	فَأَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيهَا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٣٥﴾	سو نکال لیا ہم نے ان کو جو تھے اس میں اہلِ ایمان ﴿٣٥﴾
36. So We did not find within them other than one (single) house of Muslims.	فَمَا وَجَدْنَا فِيهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿٣٦﴾	لیکن نہ پایا ہم نے وہاں سوائے ایک گھر کے کوئی مسلمان گھرانہ ﴿٣٦﴾
37. And We left behind therein a sign for those who fear the painful punishment.	وَتَرَكْنَا فِيهَا آيَةً لِلَّذِينَ يَخَافُونَ الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٣٧﴾	اور باقی رہنے دی وہاں ایک نشانی ان لوگوں کے لیے جو ڈرتے ہیں دردناک عذاب سے ﴿٣٧﴾
38 And in Moses (there is a sign), when We sent him to Pharaoh with a clear authority.	وَفِي مُوسَىٰ إِذْ أَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ﴿٣٨﴾	اور (تمہارے لیے عبرت ہے) موسیٰؑ کے قصے میں جب بھیجا تھا ہم نے اسے فرعون کی طرف ایک واضح سند کے ساتھ ﴿٣٨﴾
39. Then he turned away in his might, and he said: "A wizard or a madman."	فَتَوَلَّىٰ بِرُكْنِهِ وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ ﴿٣٩﴾	تو وہ اکڑ گیا اپنے بل بوتے پر اور کہنے لگا (کہ یہ) یا تو جادوگر ہے یا کوئی دیوانہ ﴿٣٩﴾
40. So We seized him and his hosts and cast them into the sea, and he became blameworthy.	فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيمٌ ﴿٤٠﴾	سو پکڑا ہم نے اسے اور اس کے لشکروں کو اور پھینک دیا ہم نے ان سب کو سمندر میں اس طرح کہ وہ ملامت زدہ ہو کر رہ گیا ﴿٤٠﴾

41. And in Aad (there is a sign), when We sent upon them a barren wind.	وَفِي عَادٍ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيحَ الْعَقِيمَ ﴿٤١﴾	اور (تمہارے لیے عبرت ہے) قوم عاد کے واقعہ میں جب بھیجی ہم نے ان پر تباہ و برباد کر دینے والی ہوا ﴿٤١﴾
42. It spared not of anything it reached upon, but made it like disintegrated ruins.	مَا تَذَرُ مِن شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيمِ ﴿٤٢﴾	نہیں چھوڑتی تھی وہ کوئی چیز جس پر سے وہ گزر جاتی تھی مگر کر ڈالتی تھی وہ اسے ریزہ ریزہ ﴿٤٢﴾
43. And in Thamud (there is a sign), when it was said to them: "Enjoy yourselves for a while."	وَفِي ثَمُودَ إِذْ قِيلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوا حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٤٣﴾	اور (تمہارے لیے عبرت ہے) قوم ثمود کے واقعہ میں جب کہا گیا تھا ان سے کہ مزے لوٹ لو ایک خاص وقت تک ﴿٤٣﴾
44. But they defied the command of their Lord. So they were seized by a thunderbolt while they looked on.	فَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ وَهُمْ يَنظُرُونَ ﴿٤٤﴾	مگر وہ سرکش ہو گئے اور نہ مانا اپنے رب کا حکم تو آ لیا ان کو ایک اچانک ٹوٹ پڑنے والے عذاب نے ان کے دیکھتے دیکھتے ﴿٤٤﴾
45. Then they were unable to rise up, nor could they help themselves.	فَمَا اسْتَطَاعُوا مِن قِيَامٍ وَمَا كَانُوا مُنتَصِرِينَ ﴿٤٥﴾	پس نہ تو سکت تھی ان میں اٹھنے کی اور نہ تھے وہ اپنا بچاؤ کرنے کے قابل ﴿٤٥﴾
46. And the people of Noah before. Indeed, they were a people disobedient.	وَقَوْمَ نُوحٍ مِّن قَبْلُ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ﴿٤٦﴾	اور (تمہارے لیے عبرت ہے) قوم نوحؑ کے واقعہ میں جو ان سے پہلے گزر چکی ہے یقیناً تھے ہی یہ لوگ نافرمان و بدکار ﴿٤٦﴾
47. And the heaven We built with strength. And indeed, We (have the power to) make the vast extent (thereof).	وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ وَإِنَّا لَمُوسِعُونَ ﴿٤٧﴾	اور آسمان کو بنایا ہے ہم نے اپنی قدرت سے اور بلاشبہ ہم اس سے بھی زیادہ وسعت رکھتے ہیں ﴿٤٧﴾
48. And the earth We have spread out, so how excellent Spreader We are.	وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُونَ ﴿٤٨﴾	اور زمین کو بچھایا ہے ہم نے اور کیا ہی اچھے ہموار کرنے والے ہیں ہم ﴿٤٨﴾

49. And of all things We have created in pairs, that you may remember.	وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٩﴾	اور ہر چیز کے بنائے ہیں ہم نے جوڑے تاکہ تم سبق لو ﴿٤٩﴾
50. So flee unto Allah. Indeed, I am to you from Him a clear warner.	فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٥٠	پس دوڑو اللہ کی طرف ۔ یقیناً میں ہوں تمہارے لیے اس کی طرف سے واضح طور پر متنبہ کرنے والا ﴿٥٠﴾
51. And do not make with Allah another god. Indeed, I am to you from Him a clear warner.	وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٥١﴾	اور نہ بناؤ اللہ کے ساتھ معبود کسی دوسرے کو۔ یقیناً میں ہوں تمہارے لیے اس کی طرف سے واضح طور پر خبردار کرنے والا ﴿٥١﴾
52. Likewise, there came not to those before them any messenger except they said: "A sorcerer or a madman."	كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿٥٢﴾	اسی طرح نہیں آیا ان لوگوں کے پاس بھی جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں کوئی رسول مگر کہا انہوں نے کہ جادوگر ہے یا دیوانہ ہے ﴿٥٢﴾
53. Did they suggest it to them. But they are a rebellious people.	اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿٥٣﴾	کیا ان لوگوں نے آپس میں کوئی سمجھوتہ کر لیا تھا اس بات پر ؟ نہیں بلکہ یہ سب سرکش لوگ ہیں ﴿٥٣﴾
54. So turn away from them, for you are not to be blamed.	فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿٥٤﴾	سو موڑ لو تم اپنا رخ ان سے کہ نہیں ہے تم پر کچھ ملامت ﴿٥٤﴾
55. And remind, for indeed, the reminding benefits the believers.	وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٥﴾	اور نصیحت کرتے رہو اس لیے کہ نصیحت فائدہ پہنچاتی ہے اہلِ ایمان کو ﴿٥٥﴾
56. And I have not created the jinn and the mankind except that they should worship Me.	وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿٥٦﴾	اور نہیں پیدا کیا ہے میں نے جن و انس کو مگر محض اس غرض سے کہ میری عبادت کریں ﴿٥٦﴾

57. I do not want from them any provision, nor do I want that they feed Me.	مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿٥٧﴾	نہیں چاہتا ہوں میں ان سے کوئی رزق اور نہیں چاہتا ہوں میں کہ وہ مجھے کھلائیں ﴿٥٧﴾
58. Indeed, it is Allah who is the Provider, the Possessor of power, the Strong.	اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿٥٨﴾	یقیناً اللہ تو خود ہی رزّاق ہے اور زبردست قوت کا مالک ہے ﴿٥٨﴾
59. Then indeed, for those who have wronged is a portion (of punishment) like the portion of their companions (of old), so let them not ask Me to hasten.	فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٥٩﴾	اور بلاشبہ ان لوگوں کے لیے جنہوں نے ظلم کیا ہے ویسا ہی عذاب تیار ہے جیسا عذاب ان کے ساتھیوں کو مل چکا ہے سو انہیں مجھ سے جلدی نہ مچانی چاہیے ﴿٥٩﴾
60. Then, woe to those who disbelieve from (that) their Day which they have been promised.	فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿٦٠﴾	اس لیے کہ تباہی ہے ان لوگوں کے لیے جو کفر کرتے ہیں اس دن (کے عذاب) سے جس سے انہیں ڈرایا جا رہا ہے ﴿٦٠﴾



AtToor

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. By the Mount.	وَالطُّوْرِ ۝١
2. And a Scripture inscribed.	وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝٢
3. In parchment unrolled.	فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝٣
4. And the frequented House.	وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۝٤
5. And the roof exalted.	وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۝٥
6. And the surging ocean.	وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۝٦
7. Indeed, the punishment of your Lord will occur.	اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝٧
8. There is none to avert it.	مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۝٨
9. On the Day the heaven will shake with a dreadful shaking.	يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۝٩
10. And the mountains will move away, an (awful) moving.	وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ۝١٠
11. Then woe on that Day to the deniers.	فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝١١

قسم ہے طور کی ①
اور قسم ہے کتاب کی جو لکھی ہوئی ہے ②
کھلے اوراق میں ③
اور قسم ہے آباد گھر کی ④
اور قسم ہے اونچی چھت کی ⑤
اور قسم ہے موجزن سمندر کی ⑥
بے شک تیرے رب کا عذاب ضرور واقع ہونے والا ہے ⑦
نہیں ہے اسے کوئی دفع کرنے والا ⑧
(یہ واقع ہوگا) اس دن جب ڈگمگائے گا آسمان
بڑی شدت سے ⑨
اور چل پڑیں گے پہاڑ ایک خاص انداز سے ⑩
سو تباہی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ⑪

12. Those who play (amuse) in (useless) arguments.	الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ﴿١٢﴾	وہ جو (آج) اپنی حجت بازیوں کے کھیل میں مشغول ہیں ﴿١٢﴾
13. The day they are thrust towards the fire of Hell with a (disdainful) thrust.	يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿١٣﴾	جس دن دھکیلا جائے گا انہیں جہنم کی آگ کی طرف، دھکے مار مار کر ﴿١٣﴾
14. (It will be said): "This is the Fire that you used to deny."	هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٤﴾	(کہا جائے گا) یہ ہے وہ آگ جسے تم جھٹلایا کرتے تھے ﴿١٤﴾
15. "Then is this magic, or do you not see."	اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿١٥﴾	کیا جادو ہے یہ؟ یا تمہیں کچھ سوجھ نہیں رہا؟ ﴿١٥﴾
16. "(Enter to) burn therein, then whether you are patient, or impatient. It is all the same for you. You are only being paid (for) what you used to do."	اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾	جاؤ جھلسو اس میں پھر خواہ صبر کرو یا نہ کرو، یکساں ہے تمہارے لیے۔ بس بدلہ دیا جا رہا ہے تمہیں ویسا ہی جیسے عمل تم کرتے رہے ﴿١٦﴾
17. Indeed, the righteous shall be in gardens and delight.	اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ﴿١٧﴾	یقیناً متقی باغوں میں اور نعمتوں میں ہوں گے ﴿١٧﴾
18. Rejoicing in what their Lord has given them. And their Lord saved them from the punishment of Hell.	فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿١٨﴾	لطف لے رہے ہوں گے ان چیزوں کا جو عطا فرمائی ہیں انہیں ان کے رب نے۔ اور بچا لے گا انہیں ان کا رب عذابِ جہنم سے ﴿١٨﴾
19. Eat and drink with happiness because of what you used to do.	كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾	(ان سے کہا جائے گا) کھاؤ اور پیو مزے سے صلے میں ان اعمال کے جو تم کرتے رہے ﴿١٩﴾
20. Reclining on couches, facing each other, and We shall marry them to fair ones with beautiful eyes.	مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿٢٠﴾	وہ تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے مسندوں پر قطار اندر قطار اور بیاہ دیں گے ہم انہیں خوبصورت آنکھوں والی حوروں سے ﴿٢٠﴾


21. And those who believed and whose offspring followed them in faith, We shall join with them their offspring, and We shall not deprive them of anything of their deeds. Every person is a pledge for what he has earned.	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿٢١﴾	اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور چلی ان کے نقشِ قدم پر ان کی اولاد کسی درجۂ ایمان میں، ملادیں گے ہم ان کے ساتھ ان کی اس اولاد کو اور نہ گھٹائیں گے ہم ان کے عمل میں سے کچھ بھی۔ ہر انسان اپنے کمائے ہوئے اعمال کے بدلہ میں رہن ہے ﴿٢١﴾
22. And We shall provide them with fruits and meat, such as they may desire.	وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٢٢﴾	اور دیے چلے جائیں گے ہم انہیں لذیذ پھل اور گوشت ہر قسم کے جو وہ چاہیں گے ﴿٢٢﴾
23. They shall pass hand to hand therein a cup (of wine), wherein is no vanity, nor a cause of sin.	يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿٢٣﴾	جھپٹ جھپٹ کر لے رہے ہوں گے وہ وہاں ایسے جامِ شراب جس کے اثر سے نہ بیہودہ باتیں کریں گے اور نہ گناہ کے کام ﴿٢٣﴾
24. And there will go round to them boys (servants) for them, as if they were guarded pearls.	وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿٢٤﴾	اور دوڑتے پھریں گے ان کی خدمت کے لیے ایسے لڑکے جو ان ہی کے لیے مخصوص ہوں گے گویا کہ وہ چھپا کر رکھے ہوئے موتی ہیں ﴿٢٤﴾
25. And some of them will approach others, questioning.	وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰي بَعْضٍ يَّتَسَاۗءَلُوْنَ ﴿٢٥﴾	اور مخاطب ہوں گے اہل جنت ایک دوسرے سے حال احوال پوچھنے کے لیے ﴿٢٥﴾
26. They will say: "Indeed, before this we were among our people, in fear and dread."	قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ﴿٢٦﴾	کہیں گے ہم ایسے لوگ تھے جو اس سے پہلے رہتے تھے اپنے گھر والوں میں اللہ سے ڈرتے ہوئے ﴿٢٦﴾
27. "So Allah has conferred favor upon us and has saved us from the punishment of the scorching wind."	فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿٢٧﴾	آخر کار احسان کیا اللہ نے ہم پر اور بچا لیا ہمیں جھلسا دینے والی ہوا کے عذاب سے ﴿٢٧﴾

28. "Indeed, we used to pray to Him before. Indeed, it is He who is the Beneficent, the Merciful."	اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿۲۸﴾	یقیناً ہم پہلے (پچھلی زندگی میں) اس سے دعائیں مانگا کرتے تھے واقعی وہ بڑا ہی محسن اور نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿۲۸﴾
29. So remind, for you are not, by the favor of your Lord, a soothsayer, nor a madman.	فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾	پس اے نبیؐ تم نصیحت کیے جاؤ کہ نہیں ہو تم اپنے رب کے فضل سے کاہن اور نہ مجنون ﴿۲۹﴾
30. Or do they say: "A poet, we await for whom the adverse turn of fortune."	اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾	کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ شخص شاعر ہے اور انتظار کر رہے ہیں ہم اس کے حق میں گردشِ ایام کا؟ ﴿۳۰﴾
31. Say: "Wait, for indeed, I am with you among those waiting."	قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿۳۱﴾	ان سے کہو انتظار کرو اور میں بھی ہوں تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ﴿۳۱﴾
32. Or do their minds command them to this, or are they a people who have transgressed all limits.	اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۳۲﴾	کیا حکم دیتی ہیں ان کو ان کی عقلیں ایسی ہی باتوں کا یا پھر وہ سب سرکش لوگ ہیں؟ ﴿۳۲﴾
33. Or do they say: "He has made it up." Nay, but they do not believe.	اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾	کیا یہ کہتے ہیں کہ گھڑ لیا ہے اس قرآن کو اس نے خود ہی؟ نہیں اصل بات یہ ہے کہ یہ ایمان نہیں رکھتے ﴿۳۳﴾
34. Then let them produce a statement like it, if they are truthful.	فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۳۴﴾	اچھا تو انہیں چاہیے کہ یہ بنا لائیں کوئی کلام اسی شان کا اگر ہیں یہ سچے ﴿۳۴﴾
35. Or were they created by nothing, or were they (themselves) the creators.	اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۳۵﴾	کیا یہ پیدا ہو گئے ہیں بغیر کسی خالق کے یا یہ خود ہی اپنے خالق ہیں؟ ﴿۳۵﴾

36. Or did they create the heavens and the earth. Nay, but they have no firm belief.	اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿٣٦﴾	یا پیدا کیا ہے انہوں نے خود ہی آسمانوں کو اور زمین کو اصل بات یہ ہے کہ یہ یقین نہیں رکھتے ﴿٣٦﴾
37. Or do they possess the treasures of your Lord. Or is it they who control them.	اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿٣٧﴾	کیا ان کے قبضے میں ہیں تیرے رب کے خزانے یا انہی کا حکم چلتا ہے (ان پر)؟ ﴿٣٧﴾
38. Or have they a stairway (unto heaven) by means of which they listen (decrees). Then let their listener produce a manifest authority (proof).	اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٨﴾	کیا ان کے پاس ہے کوئی سیڑھی کہ سن گن لیتے ہیں یہ اس پر چڑھ کر (عالم بالا کی)؟ اچھا تو لائے وہ شخص جس نے کچھ سنا ہے ان میں سے کوئی کھلی دلیل ﴿٣٨﴾
39. Or for Him are daughters and for you sons.	اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿٣٩﴾	کیا اللہ کے لیے تو ہیں بیٹیاں اور تمہارے لیے ہیں بیٹے؟ ﴿٣٩﴾
40. Or do you ask them a payment so they are burdened with a load of debt.	اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿٤٠﴾	کیا مانگتے ہو تم ان سے کوئی اجر جس کی وجہ سے وہ اس زبردستی پڑی چٹی کے بوجھ تلے دب گئے ہیں؟ ﴿٤٠﴾
41. Or do they possess the Unseen so they write (it) down.	اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿٤١﴾	کیا ان کے پاس ہے غیب کے حقائق کا علم جسے وہ لکھ رہے ہیں؟ ﴿٤١﴾
42. Do they intend a plot. But those who disbelieve are themselves in a plot.	اَمْ يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ۭ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ﴿٤٢﴾	کیا یہ چاہتے ہیں کوئی چال چلنا؟ تو وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا ہے ان کی چال انہی پر پڑے گی ﴿٤٢﴾
43. Or have they a god other than Allah. Glorified be Allah above what they associate as partners.	اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٤٣﴾	کیا ان کا ہے کوئی معبود اللہ کے سوا؟ پاک ہے اللہ اس شرک سے جو یہ کرتے ہیں ﴿٤٣﴾
44. And if they see a fragment from the heaven falling down, they would say: "A heap of clouds."	وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَاۗءِ سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿٤٤﴾	اور اگر دیکھ لیں یہ لوگ کوئی ٹکڑا آسمان کا گرتا ہوا تو کہیں گے بادل ہیں جو امڈے چلے آ رہے ہیں ﴿٤٤﴾

45. So leave them until they meet their Day in which they will be struck down.	فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِىْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ﴿۴۵﴾
46. The Day their plot will not avail them anything, nor will they be helped.	يَوْمَ لَا يُغْنِىْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۶﴾
47. And indeed, for those who have wronged, there is a punishment beyond that, but most of them do not know.	وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾
48. And be patient for the decision of your Lord, for indeed, you are in Our sight. And glorify your Lord with His praise when you rise up.	وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۴۸﴾
49. And in the night glorify Him and at the setting of the stars.	وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿۴۹﴾

سوائے نبیؐ چھوڑ دیجیے انہیں (ان کے حال پر) یہاں تک کہ
پہنچ جائیں اپنے اس دن کو جس میں یہ مارگرائے جائیں گے ﴿۴۵﴾
جس دن نہ کام آئے گی ان کے ان کی کوئی چال ذرا بھی
اور نہ ان کو کوئی مدد ہی پہنچے گی ﴿۴۶﴾
اور یقیناً ان لوگوں کے لیے جو ظلم کر رہے ہیں
ایک عذاب ہے پہلے بھی اس عذاب سے
لیکن ان میں سے بہت سے جانتے نہیں ﴿۴۷﴾
پس اے نبیؐ صبر کرو اپنے رب کا فیصلہ آنے تک
اس لیے کہ بلاشبہ تم ہماری نگاہ میں ہو اور تسبیح کرو
اپنے رب کی حمد کے ساتھ جب تم اٹھو ﴿۴۸﴾
اور رات کو بھی پھر اس کی تسبیح کرو
اور اس وقت بھی جب پلٹتے ہیں ستارے ﴿۴۹﴾



AnNajam

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. By the Star when it descends.	وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۙ﴿۱﴾
2. Your companion is not gone astray, nor is deluded.	مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۚ﴿۲﴾
3. And he does not speak of his own desire.	وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ؕ﴿۳﴾
4. It is not but a revelation that is revealed.	اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۙ﴿۴﴾
5. He has been taught by one mighty in power.	عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۙ﴿۵﴾
6. One endowed with wisdom. So he stood poised in front.	ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ۙ﴿۶﴾
7. And he was on the uppermost horizon.	وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ؕ﴿۷﴾
8. Then he approached and came closer.	ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۙ﴿۸﴾
9. Then he was at (a distance of) two bows length or even nearer.	فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۚ﴿۹﴾
10. Then He revealed unto His slave that which He revealed.	فَاَوْحٰۤى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى ؕ﴿۱۰﴾
11. Belied not the heart what he saw.	مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ﴿۱۱﴾

قسم ہے تارے کی جب وہ غروب ہونے لگے ①
نہ بھٹکا ہے تمہارا رفیق اور نہ بہکا ②
اور نہیں بولتا ہے وہ اپنی خواہشِ نفس سے ③
نہیں ہے یہ کلام مگر ایک وحی، جو نازل کی جارہی ہے ④
تعلیم دی ہے اسے زبردست قوت والے نے ⑤
جو بڑا صاحبِ حکمت ہے۔ پھر سامنے آکھڑا ہوا ⑥
جبکہ وہ بالائی اُفق پر تھا ⑦
پھر قریب آیا اور آہستہ آہستہ آگے بڑھا ⑧
یہاں تک کہ ہوگیا برابر دو کمانوں کے
یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا ⑨
تب وحی پہنچائی اس نے اللہ کے بندے کو
جو وحی پہنچانی تھی ⑩
نہ جھوٹ جانا رسول کے دل نے اسے جو دیکھا اس نے ⑪

12. So do you dispute with him over what he saw.	اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿١٢﴾	کیا تم اس سے جھگڑتے ہو
		اس چیز پر جو وہ (آنکھوں سے) دیکھتا ہے ﴿١٢﴾
13. And certainly he saw him at another descent.	وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ﴿١٣﴾	اور بلاشبہ وہ اسے دیکھ چکا ہے اترتے ہوئے ایک بار اور بھی ﴿١٣﴾
14. By the lote tree of the utmost boundary.	عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ﴿١٤﴾	"سدرۃ المنتہیٰ" کے قریب ﴿١٤﴾
15. Near by which is the Garden of Abode.	عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ﴿١٥﴾	اس کے آس پاس ہے "جنت الماویٰ" ﴿١٥﴾
16. When there enshrouded the lote tree that which shrouded.	اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ﴿١٦﴾	جب چھا رہا تھا سدرہ پر جو کچھ چھا رہا تھا ﴿١٦﴾
17. The sight did not dazzle, nor it exceeded the limit.	مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ﴿١٧﴾	نہ چندھیائی نگاہ اور نہ حد سے بڑھی ﴿١٧﴾
18. Certainly he saw of the greatest signs of his Lord.	لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿١٨﴾	بلاشبہ اس نے دیکھیں اپنے رب کی بڑی بڑی نشانیاں ﴿١٨﴾
19. Have you pondered over Lat, and Uzza.	اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿١٩﴾	بھلا دیکھا ہے تم نے لات کو اور عزیٰ کو؟ ﴿١٩﴾
20. And Manat, the third, the other.	وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ﴿٢٠﴾	اور تیسری ایک اور (دیوی) مناۃ کو ﴿٢٠﴾
21. Are for your the males, and for Him the females.	اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿٢١﴾	کیا تمہارے لیے تو ہیں بیٹے اور اللہ کے لیے ہیں بیٹیاں ﴿٢١﴾
22. This, then would be an unfair division.	تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿٢٢﴾	یہ تو پھر ہے بڑی دھاندلی کی تقسیم! ﴿٢٢﴾
23. They are not but (mere) names which you have named, you and your forefathers, Allah has sent down no authority for that. They follow not except a guess and that which (they) themselves desire. And surely there has come to them guidance from their Lord.	اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ﴿٢٣﴾	نہیں ہیں یہ مگر چند نام جو رکھ لیے ہیں تم نے اور تمہارے آباؤ اجداد نے، نہیں نازل فرمائی ہے اللہ نے ان کے بارے میں کوئی سند، نہیں پیروی کر رہے ہیں یہ لوگ مگر وہم و گمان کی اور خواہشاتِ نفس کی۔ حالانکہ آچکی ہے ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے ہدایت ﴿٢٣﴾

24. Or is there for man whatever he desires.	اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿٢٤﴾	کیا یہ انسان کا حق ہے کہ اسے مل جائے ہر وہ چیز جس کی وہ تمنا کرے ؟ (ظاہر ہے کہ نہیں) ﴿٢٤﴾
25. But to Allah belongs the after (life), and the former.	فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿٢٥﴾	تو پھر اللہ ہی مالک ہے آخرت کا بھی اور دنیا کا بھی ﴿٢٥﴾
26. And how many angels are in the heavens whose intercession will not avail at all except after Allah has permitted to whom He wills and is pleased with.	وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿٢٦﴾	اور کتنے ہی فرشتے، ہیں آسمانوں میں، نہیں کام آسکتی جن کی شفاعت ذرا بھی مگر اس کے بعد کہ اجازت دے اللہ (شفاعت کی) جسے چاہے اور (جن کے لیے) پسند کرے ﴿٢٦﴾
27. Indeed, those who do not believe in the Hereafter, they name the angels with the names of females.	اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿٢٧﴾	بلاشبہ جو لوگ نہیں ایمان رکھتے آخرت پر وہ نام رکھتے ہیں فرشتوں کے عورتوں کے سے ﴿٢٧﴾
28. And they have no knowledge of this. They follow not except a guess. And indeed, a guess can not avail against the truth at all.	وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ﴿٢٨﴾	حالانکہ نہیں ہے انہیں اس کے بارے میں کچھ بھی علم، نہیں پیروی کرتے وہ مگر گمان کی۔ اور بلاشبہ گمان کام نہیں دے سکتا حق کی جگہ ذرا بھی ﴿٢٨﴾
29. So withdraw from him who turns away from Our remembrance, and seeks not but the life of the world.	فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٢٩﴾	سوائے نبیؐ منہ پھیر لو اس شخص سے جو منہ موڑتا ہے ہمارے ذکر سے اور جو نہیں طالب مگر دنیاوی زندگی کا ﴿٢٩﴾
30. This only is their amount of knowledge. Indeed your Lord, He knows best of him who has gone astray from His way, and He knows best of him who is on the right path.	ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿٣٠﴾	یہی ہے انتہا ان لوگوں کے علم کی بے شک تیرا رب ہی ہے جو خوب جانتا ہے اسے جو بھٹک گیا اس کے راستے سے اور وہی خوب جانتا ہے اسے بھی جو سیدھے راستے پر ہے ﴿٣٠﴾

31. And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth, that He may recompense those who do evil with what they have done, and recompense those who do good with goodness.	وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ۝٣١	اور اللہ ہی مالک ہے ہر اس چیز کا جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے تاکہ بدلہ دے ان لوگوں کو جنہوں نے برے کام کیے ان کے اعمال کا اور دے ان لوگوں کو جنہوں نے اچھے کام کیے، اچھا بدلہ ۝٣١
32. Those who avoid major sins and indecencies except the minor offences. Indeed, your Lord is vast in forgiveness. He is Best Aware of you (from the time) when He created you from the earth, and when you were hidden in the wombs of your mothers. So do not claim purity for yourselves. He knows best of him who fears (Him).	اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ۝٣٢	یہ وہ لوگ ہیں جو بچتے ہیں بڑے بڑے گناہوں سے اور بے حیائی کے کاموں سے اِلّا یہ کہ کچھ قصور ان سے سرزد ہو جائے بلاشبہ تیرا رب ہے وسیع مغفرت والا وہ خوب جانتا ہے تمہیں اس وقت سے جب پیدا کیا اس نے تم کو زمین سے اور جب تم جنین کی شکل میں تھے اپنی ماؤں کے پیٹوں میں۔ سو اپنی پاکیزگی کے دعوے نہ کرو وہی بہتر جانتا ہے کہ متقی کون ہے؟ ۝٣٢
33. Then, have you seen him who turned away.	اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ تَوَلّٰى ۝٣٣	پھر کیا دیکھا ہے تم نے اے نبیؐ اس شخص کو جو پھر گیا (راہِ حق سے)؟ ۝٣٣
34. And gave a little, and was grudging.	وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ۝٣٤	اور دیا اس نے تھوڑا سا اور پھر ہاتھ روک لیا؟ ۝٣٤
35. Does he have the knowledge of the unseen, so he sees.	اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ۝٣٥	کیا اس کے پاس علمِ غیب ہے کہ وہ دیکھ رہا ہے؟ ۝٣٥
36. Or has he not had news of what was in the books of Moses.	اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى ۝٣٦	کیا نہیں خبر دی گئی اسے ان باتوں کی جو درج ہیں صحیفوں میں موسیٰؑ کے ۝٣٦
37. And Abraham who fulfilled (his pledge).	وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰٓى ۝٣٧	اور (صحیفوں میں) ابراہیمؑ کے جس نے وفا کا حق ادا کر دیا؟ ۝٣٧
38. That no, bearer of burdens, shall bear the burden of another.	اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۝٣٨	یہ کہ نہیں اٹھاتا کوئی بوجھ اٹھانے والا، بوجھ دوسرے کا ۝٣٨

39. And that there is nothing for man except what he strives for.	وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿٣٩﴾	اور یہ کہ نہیں ملتا انسان کو مگر وہی کچھ جس کی وہ کوشش کرتا ہے ﴿٣٩﴾
40. And that his striving will soon be seen.	وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ﴿٤٠﴾	اور یہ کہ اس کی کمائی عنقریب اسے دکھائی جائے گی ﴿٤٠﴾
41. Then he will be recompensed for it, the fullest recompense.	ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ﴿٤١﴾	پھر جزا دی جائے گی اسے پوری پوری جزا ﴿٤١﴾
42. And that to your Lord is the final goal.	وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ﴿٤٢﴾	اور یہ کہ تیرے رب ہی کے پاس پہنچنا ہے آخرکار (سب کو) ﴿٤٢﴾
43. And that it is He who makes to laugh and makes to weep.	وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ﴿٤٣﴾	اور یہ کہ وہی ہنساتا ہے اور رلاتا ہے ﴿٤٣﴾
44. And that it is He who causes death and gives life.	وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ﴿٤٤﴾	اور یہ کہ وہی موت دیتا ہے اور زندہ کرتا ہے ﴿٤٤﴾
45. And that He created the pair, the male and the female.	وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿٤٥﴾	اور یہ کہ وہی پیدا فرماتا ہے جوڑے نر اور مادہ ﴿٤٥﴾
46. From a sperm drop when it is emitted.	مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى ﴿٤٦﴾	ایک بوند سے جب وہ ٹپکائی جاتی ہے ﴿٤٦﴾
47. And that it is upon Him the other bringing forth.	وَاَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿٤٧﴾	اور یہ کہ اسی کے ذمہ ہے زندگی بخشنا دوسری بار ﴿٤٧﴾
48. And that it is He who makes rich and contents.	وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى ﴿٤٨﴾	اور یہ کہ وہی غنی کرتا ہے اور نپا تلا دیتا ہے ﴿٤٨﴾
49. And that it is He who is the Lord of Sirius.	وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿٤٩﴾	اور یہ کہ وہی رب ہے شعریٰ (ستارہ) کا ﴿٤٩﴾
50. And that He destroyed the former Aad.	وَاَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا الْاُوْلٰى ﴿٥٠﴾	اور یہ کہ اسی نے ہلاک کیا عادِ اولیٰ کو ﴿٥٠﴾
51. And Thamud, so He spared (them) not.	وَثَمُوْدَا فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿٥١﴾	اور ثمود کو پھر کچھ باقی نہ چھوڑا ﴿٥١﴾
52. And the people of Noah before. Indeed, they were more unjust and more rebellious.	وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ﴿٥٢﴾	اور (ہلاک کیا) قومِ نوحؑ کو اس سے پہلے یقیناً وہ تھے ہی سخت ظالم اور سرکش ﴿٥٢﴾

53. And the subverted settlements, He overthrew.	وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿٥٣﴾
54. Then there covered them that which did cover.	فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿٥٤﴾
55. Then which of your Lord's favors will you doubt.	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿٥٥﴾
56. This is a warner of (the series of) warners of old.	هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿٥٦﴾
57. That which is approaching is near.	اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿٥٧﴾
58. None besides Allah can avert it.	لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللهِ كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾
59. Then is it at this statement you marvel.	اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿٥٩﴾
60. And you laugh and weep not.	وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿٦٠﴾
61. And you amuse yourselves.	وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿٦١﴾
62. So prostrate before Allah and worship Him. AsSajda	فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿٦٢﴾ ع

اور اوندھی گرنے والی بستیوں کو اٹھا پھینکا ﴿٥٣﴾	
پھر چھا گیا ان پر جو کچھ کہ چھایا ﴿٥٤﴾	
پس (اے انسان!) اپنے رب کی کن کن نعمتوں میں تو شک کرے گا ﴿٥٥﴾	
یہ (محمدؐ بھی) متنبہ کرنے والے ہیں پہلے متنبہ کرنے والوں کی طرح ﴿٥٦﴾	
قریب آلگی ہے آنے والی گھڑی (قیامت کی) ﴿٥٧﴾	
نہیں ہے اسے اللہ کے سوا کوئی ٹالنے والا ﴿٥٨﴾	
کیا یہی باتیں ہیں جن پر تم تعجب کرتے ہو؟ ﴿٥٩﴾	
اور ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو؟ ﴿٦٠﴾	
اور تم گا بجا کر ٹالتے ہو؟ ﴿٦١﴾	
پس جھک جاؤ اللہ کے آگے اور اسی کی بندگی بجالاؤ ﴿٦٢﴾	السجدہ



AlQamar

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. The Hour has drawn near, and the moon has split.	اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ①
2. And if they see a sign, they turn away and say: "A continuous magic."	وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ②
3. And they denied and followed their desires. And for every matter is a (time of) settlement.	وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ③
4. And indeed there has come to them of the news, that in which is deterrence.	وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ④
5. Profound wisdom, but warning benefits them not.	حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ⑤
6. So turn away from them. The Day the caller shall call to a terrible thing.	فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ⑥
7. Downcast their eyes, they will come forth from the graves as if they were locusts scattered.	خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ⑦

قریب آگئی گھڑی قیامت کی اور پھٹ گیا چاند ①
اور ان کا حال یہ ہے کہ اگر دیکھتے ہیں کوئی نشانی تو منہ موڑ جاتے ہیں
اور کہتے ہیں کہ یہ تو جادو ہے جو پہلے سے چلا آرہا ہے ②
چنانچہ جھٹلایا انہوں نے (اس کو بھی) اور پیچھے لگ گئے
اپنی خواہشات کے ۔ حالانکہ ہر معاملہ کو
ایک انجام تک پہنچ کر رہنا ہے ③
اور یقیناً آچکی ہیں ان کے پاس (پچھلی قوموں کی) ایسی خبریں
جن میں ہے کافی سامانِ عبرت ④
ایسی حکمت جو نصیحت کے مقصد کو پورا کرتی ہے،
مگر کچھ فائدہ نہ دیا ان تنبیہات نے ⑤
پس رخ پھیر لو ان سے ۔ جس دن پکارے گا ایک پکارنے والا
ایک سخت ناگوار چیز کی طرف ⑥
(اس وقت) سہمی ہوئی ہوں گی آنکھیں ان کی، نکلیں گے وہ
اپنی قبروں سے اس طرح جیسے کہ وہ ہوں
منتشر ٹڈیاں ⑦

8. Hastening towards the caller, the disbelievers will say: "This is a difficult day."	مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ؕ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۝٨	دوڑے جا رہے ہوں گے وہ سب پکارنے والے کی طرف۔ کہیں گے کافر یہ دن تو بڑا کٹھن ہے ۝٨
9. The people of Noah denied before them. So they denied Our slave and said: "A madman." And he was rebuked harshly.	كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ۝٩	جھٹلا چکی ہے ان سے پہلے قومِ نوحؑ سو جھٹلایا انہوں نے ہمارے بندے کو اور کہا: یہ تو دیوانہ ہے۔ اور اسے جھڑک دیا گیا ۝٩
10. So he called out to his Lord: "Indeed I am overcome, so give help."	فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝١٠	آخر کار اس نے پکارا اپنے رب کو کہ میں مغلوب ہو چکا ہوں سو اب تو انتقام لے (ان سے) ۝١٠
11. Then We opened the gates of heaven with torrential rain.	فَفَتَحْنَاۤ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝١١	سو کھول دیے ہم نے آسمان کے دہانے موسلا دھار بارش کے لیے ۝١١
12. And We caused the earth to burst with springs, so the waters met for a predestined purpose.	وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰۤى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝١٢	اور جاری کر دیے زمین سے چشمے سو آملا پانی (ہر طرف سے) پورا کرنے کے لیے اس کام کو جو مقدر ہو چکا تھا ۝١٢
13. And We carried him upon a thing of planks and nails.	وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝١٣	اور سوار کرا دیا ہم نے نوحؑ کو اس (کشتی) پر جو تختوں اور کیلوں والی تھی ۝١٣
14. Sailing under Our eyes, a reward for him who had been rejected.	تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا ۚ جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ۝١٤	جو چل رہی تھی ہماری نگرانی میں۔ یہ بدلہ تھا اس شخص کی خاطر جس کی ناقدری کی گئی تھی ۝١٤
15. And indeed, We have left this as a sign. Then is there any who would take admonition.	وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَاۤ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝١٥	اور بے شک رہنے دیا ہے ہم نے اس کشتی کو بطورِ نشانی تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ۝١٥
16. Then how was My punishment and warning.	فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝١٦	سو دیکھ لو کیسا تھا میرا عذاب اور کیسی تھیں میری تنبیہات؟ ۝١٦
17. And We have indeed made the Quran easy to understand. Then is there any who would take admonition.	وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝١٧	اور بلاشبہ آسان بنا دیا ہے ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لیے سو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ۝١٧


18. Aad denied. Then how was My punishment and warning.	كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿١٨﴾	جھٹلایا تھا عاد نے سو (دیکھ لو) کیسا تھا میرا عذاب اور (کیسی تھیں) میری تنبیہات؟ ﴿١٨﴾
19. Indeed, We sent upon them a raging wind in a day of constant calamity.	إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ ﴿١٩﴾	بلاشبہ ہم نے بھیج دی ان پر سخت طوفانی ہوا ایک ایسے منحوس دن میں جس کی نحوست نہ ختم ہونے والی تھی ﴿١٩﴾
20. Sweeping away the people as though they were trunks of palm trees, uprooted.	تَنْزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُنْقَعِرٍ ﴿٢٠﴾	جو اٹھا اٹھا کر پھینک رہی تھی لوگوں کو اس طرح گویا کہ وہ کھجور کے تنے ہیں جڑ سے اکھڑے ہوئے ﴿٢٠﴾
21. Then how was My punishment and warning.	فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٢١﴾	سو دیکھ لو کیسا تھا میرا عذاب اور (کیسی تھیں) میری تنبیہات؟ ﴿٢١﴾
22. And We have indeed made the Quran easy to understand. Then is there any who would take admonition.	وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ﴿٢٢﴾	اور بلاشبہ آسان بنا دیا ہے ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے سو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ﴿٢٢﴾
23. Thamud denied the warning.	كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِالنُّذُرِ ﴿٢٣﴾	جھٹلایا تھا ثمود نے تنبیہات کو ﴿٢٣﴾
24. So they said: "A mortal man, among us alone, shall we follow him. Indeed, we would then be in error and madness."	فَقَالُوا أَبَشَرًا مِنَّا وَاحِدًا نَتَّبِعُهُ إِنَّا إِذًا لَفِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ﴿٢٤﴾	سو کہا تھا انہوں نے کیا ایک آدمی جو ہم ہی میں سے ایک ہے اس کی پیروی کریں ہم؟ تو یقیناً اس کے معنیٰ یہ ہوں گے کہ ہم بہک گئے ہیں اور ہماری مت ماری گئی ہے ﴿٢٤﴾
25. "Has the reminder been given unto him among us. But, he is a liar, an insolent one."	أَأُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ ﴿٢٥﴾	کیا نازل کی گئی ہے صرف اسی پر وحی ہم میں سے، نہیں بلکہ وہ ہے پرلے درجے کا جھوٹا اور شیخی باز ﴿٢٥﴾
26. They shall know tomorrow who is the liar, the insolent one.	سَيَعْلَمُونَ غَدًا مَنِ الْكَذَّابُ الْأَشِرُ ﴿٢٦﴾	عنقریب معلوم ہو جائے گا انہیں کل کہ کون ہے پرلے درجے کا جھوٹا اور شیخی باز ﴿٢٦﴾
27. Indeed, We are sending the she camel as a trial for them. So watch them and have patience.	إِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿٢٧﴾	بلاشبہ ہم بھیج رہے ہیں اونٹنی کو آزمائش بنا کر ان کے لیے سو انتظار کرو اور صبر کرو ﴿٢٧﴾

28. And inform them that the water is to be shared between (her and) them. Every drinking will be witnessed.	وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿٢٨﴾	اور خبردار کر دو انہیں کہ پانی کی تقسیم ہوگی ان کے اور اونٹنی کے درمیان ہر ایک کو اپنی باری پر حاضر ہونا ہوگا ﴿٢٨﴾
29. Then they called their comrade, so he took (a sword) and hamstrung (her).	فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿٢٩﴾	آخر کار انہوں نے پکارا اپنے ساتھی کو اور اس نے اس کام کا بیڑا اٹھایا اور اس کی کونچیں کاٹ دیں ﴿٢٩﴾
30. Then how was My punishment and warning.	فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿٣٠﴾	سو دیکھ لو کیسا تھا میرا عذاب اور کیسی تھیں میری تنبیہات ﴿٣٠﴾
31. Indeed, We sent on them a single shout, so they became like the dry stubble of an animal pen.	اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿٣١﴾	ہم نے بھیجا ان پر ایک زبردست دھماکہ سو ہو کر رہ گئے وہ کچلی ہوئی باڑھ کے چورے کی مانند ﴿٣١﴾
32. And We have indeed made the Quran easy to understand. Then is there any who would take admonition.	وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٣٢﴾	اور بلاشبہ آسان بنا دیا ہے ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ﴿٣٢﴾
33. The people of Lot denied the warning.	كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۭ بِالنُّذُرِ ﴿٣٣﴾	جھٹلایا قومِ لوطؑ نے تنبیہات کو ﴿٣٣﴾
34. Indeed, We sent upon them a storm of stones, except the family of Lot, whom we saved before dawn.	اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ۭ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿٣٤﴾	ہم نے بھیج دی ان پر پتھراؤ کرنے والی ہوا سوائے آلِ لوطؑ کے۔ نجات دی ہم نے انہیں رات کے پچھلے پہر ﴿٣٤﴾
35. As a favor from Us, thus do We reward those who give thanks.	نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ﴿٣٥﴾	اپنے فضلِ خاص سے۔ اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم ہر اس شخص کو جو شکر گزاری کا رویہ اختیار کرتا ہے ﴿٣٥﴾
36. And indeed he had warned them of Our grasp, but they did doubt the warning.	وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿٣٦﴾	اور یقیناً ڈرایا تھا انہیں لوطؑ نے ہماری پکڑ سے لیکن انہوں نے شک کیا ہماری تنبیہات میں ﴿٣٦﴾

37. And indeed they sought his guests (for ill purpose). So We blinded their eyes. Then taste My punishment and warning.	وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿٣٧﴾	اور بلاشبہ انہوں نے روکنے کی کوشش کی لوطؑ کو اپنے مہمانوں کی حفاظت سے تو ہم نے ان کو اندھا کر دیا سو چکھو مزا میرے عذاب کا اور میری تنبیہات کا ﴿٣٧﴾
38. And indeed, there came upon them in the morning an abiding punishment.	وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣٨﴾	اور یقیناً آ لیا ان کو صبح تڑکے ہی ایک ایسے عذاب نے جو نہ ٹلنے والا تھا ﴿٣٨﴾
39. Then taste My punishment and warning.	فَذُوْقُوْا عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿٣٩﴾	سو چکھو مزا میرے عذاب کا اور میری تنبیہات کا ﴿٣٩﴾
40. And We have indeed made the Quran easy to understand. Then is there any who would take admonition.	وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٤٠﴾	اور یقیناً آسان بنا دیا ہے ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ﴿٤٠﴾
41. And indeed, warning came to the people of Pharaoh.	وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿٤١﴾	اور بے شک آئی تھیں آلِ فرعون کے پاس بھی بہت سی تنبیہات ﴿٤١﴾
42. They denied Our signs, all of them. So We seized them with the seizure of an All Mighty, All Powerful.	كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٤٢﴾	جھٹلا دیا انہوں نے ہماری ساری نشانیوں کو سو پکڑ لیا ہم نے انہیں جیسے پکڑتا ہے کوئی زبردست قوت والا ﴿٤٢﴾
43. Are your disbelievers better than those. Or, for you is an exemption in the scripture.	اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِى الزُّبُرِ ﴿٤٣﴾	کیا تم میں جو کافر ہیں وہ بہتر ہیں ان سے جن کا ذکر کیا گیا ہے یا تمہارے لیے معافی لکھی ہوئی ہے آسمانی کتابوں میں؟ ﴿٤٣﴾
44. Or do they say: "We are a host victorious."	اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿٤٤﴾	یا یہ کہتے ہیں کہ ہم ایک مضبوط جتھا ہیں خود اپنا بچاؤ کر لیں گے؟ ﴿٤٤﴾
45. Soon shall this host be put to flight, and they will turn on their backs.	سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿٤٥﴾	عنقریب شکست دے دی جائے گی جتھے کو اور بھاگ جائیں گے وہ پھیر کر پیٹھ ﴿٤٥﴾
46. But the Hour is their time appointed. And the Hour will be more grievous and more bitter.	بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿٤٦﴾	بلکہ قیامت کی گھڑی ہی ان سے نمٹنے کا اصل وقتِ مقرر ہے اور وہ گھڑی ہو گی بڑی آفت اور تلخ تر ﴿٤٦﴾

47. Indeed, the criminals are in error and madness.	اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿٤٧﴾
48. The Day they are dragged into the Fire on their faces, Taste you the touch of Hell.	يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ۭ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿٤٨﴾
49. Indeed, We have created all things by measure.	اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿٤٩﴾
50. And Our command is but one, as the twinkling of an eye.	وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۢ بِالْبَصَرِ ﴿٥٠﴾
51. And indeed, We have destroyed gangs like you. Then, is there any who would take admonition.	وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٥١﴾
52. And every thing they have done is in written records.	وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ﴿٥٢﴾
53. And every small and great (thing) is written.	وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿٥٣﴾
54. Indeed, the righteous will be in gardens and rivers.	اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿٥٤﴾
55. In a place of honor, in the Presence of a Sovereign Omnipotent.	فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٥٥﴾

یقیناً یہ مجرم لوگ
بہک گئے ہیں اور ان کی مت ماری گئی ہے ﴿٤٧﴾
جس دن یہ گھسیٹے جائیں گے
آگ میں اپنے منہ کے بل
(اور ان سے کہا جائے گا) چکھو مزا جہنم کی لپٹ کا ﴿٤٨﴾
بے شک ہم نے ہر چیز پیدا کی ہے
ایک تقدیر کے مطابق ﴿٤٩﴾
اور نہیں ہوتا ہے ہمارا حکم مگر یکدم
جیسے پلک جھپکتی ہے ﴿٥٠﴾
اور بلاشبہ ہم ہلاک کر چکے ہیں
تم جیسے بہت سے گروہوں کو،
سو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ﴿٥١﴾
اور ہر عمل جو انہوں نے کیا تھا
درج ہے اعمال ناموں میں ﴿٥٢﴾
اور ہر چھوٹی بات اور بڑی چیز لکھی ہوئی ہے ﴿٥٣﴾
یقیناً متقی لوگ
ہوں گے باغوں میں اور نہروں میں
سچی عزت کی جگہ قریب بادشاہ کے
جو بڑا صاحبِ اقتدار ہے ﴿٥٥﴾



ArRahman

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. The Beneficent.	اَلرَّحْمٰنُ ۙ﴿۱﴾
2. Has taught the Quran.	عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ﴿۲﴾
3. He has created man.	خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ﴿۳﴾
4. He has taught him speech.	عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿۴﴾
5. The sun and the moon adhere to a schedule.	اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۙ﴿۵﴾
6. And the stars and the trees, prostrate.	وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿۶﴾
7. And the heaven He raised high and He has set the balance.	وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۙ﴿۷﴾
8. That you do not transgress within the balance.	اَلَّا تَطْغَوْا فِى الْمِيْزَانِ ﴿۸﴾
9. And establish the weight with justice and do not make the balance deficient.	وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ﴿۹﴾
10. And He has laid (out) the earth for the creatures.	وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۙ﴿۱۰﴾

اللہ نے جو رحمٰن ہے ①
سکھایا اسی نے قرآن ②
پیدا فرمایا اسی نے انسان کو ③
اور سکھایا اسے بولنا ④
سورج اور چاند پابند ہیں ایک حساب کے ⑤
اور جھاڑیاں اور درخت اسی کو سجدہ کر رہے ہیں ⑥
اور آسمان کو بلند کیا اللہ نے اور قائم کر دیا نظام توازن ⑦
تاکہ نہ خلل ڈالو تم بھی عدل و توازن میں ⑧
اور ٹھیک ٹھیک تولو انصاف کے ساتھ
اور نہ گھاٹا دو تولتے وقت ⑨
اور زمین کو بنایا ہے اس نے مخلوقات کے لیے ⑩

11. Therein are fruits and palm trees with sheathed fruit.	فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿١١﴾	اس میں لذیذ پھل ہیں اور کھجور کے درخت ہیں جن کے پھل غلافوں میں لپٹے ہوئے ہیں ﴿١١﴾
12. And corn with husk and grain.	وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾	اور طرح طرح کے غلے جن میں بھوسا بھی ہوتا ہے اور دانہ بھی ﴿١٢﴾
13. So which of the favors of your Lord would you deny.	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٣﴾	پس اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿١٣﴾
14. He created man from dry rotten clay like the potter's.	خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾	پیدا فرمایا اس نے انسان کو ٹھیکری جیسے سوکھے سڑے گارے سے ﴿١٤﴾
15. And He created jinns from a smokeless flame of fire.	وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿١٥﴾	اور پیدا کیا اس نے جنوں کو آگ کے شعلے سے ﴿١٥﴾
16. So which of the favors of your Lord would you deny.	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٦﴾	پس اپنے رب کے کن کن عجائبِ قدرت کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿١٦﴾
17. Lord of the two Easts, and Lord of the two Wests.	رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾	جو رب ہے دونوں مشرقوں کا اور رب ہے دونوں مغربوں کا ﴿١٧﴾
18. So which of the favors of your Lord would you deny.	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٨﴾	سو اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿١٨﴾
19. He let loose the two seas that they may meet together.	مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿١٩﴾	رواں کیے اس نے دو دریا آپس میں ٹکراتے ہوئے ﴿١٩﴾
20. Between them is a barrier, which they do not transgress.	بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿٢٠﴾	حائل ہے ان کے درمیان ایک پردہ کہ وہ تجاوز نہیں کرتے اپنی حد سے ﴿٢٠﴾
21. So which of the favors of your Lord would you deny.	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢١﴾	پس اپنے رب کے کن کن کرشموں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿٢١﴾
22. From them come out pearls and corals.	يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾	نکلتے ہیں ان دونوں میں سے موتی اور مونگے ﴿٢٢﴾
23. Which is it, of the favors of your Lord that you deny.	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾	پس اپنے رب کی قدرت کے کن کن کمالات کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿٢٣﴾
24. And His are the ships raised up high in the sea like mountains.	وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَـَٔاتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿٢٤﴾	اور اسی کے ہیں یہ جہاز جو اونچے اٹھے ہوئے ہیں سمندر میں پہاڑوں کی مانند ﴿٢٤﴾


25. So which of the favors of your Lord would you deny.	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٥﴾	پس اپنے رب کے کن کن احسانات کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿٢٥﴾
